بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ　　نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ　　وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡد

فَمَنۡ حَآجَّکَ فِیۡہِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَکَ مِنَ الۡعِلۡمِ فَقُلۡ تَعَالَوۡا نَدۡعُ اَبۡنَآءَنَا وَاَبۡنَآءَکُمۡ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُمۡ وَاَنۡفُسَنَا وَاَنۡفُسَکُمۡ ثُمَّ نَبۡتَہِلۡ فَنَجۡعَلۡ لَّعۡنَتَ اللّٰہِ عَلَی الۡکٰذِبِیۡنَ (ال عمران۔ ۶۲)

پھر اسکے بعد جو تیرے پاس علم آ چکا ہے اگر کوئی اِس بارے میں تجھ سے جھگڑا کرے تو کہہ دے:۔ آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو بھی اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو بھی اور اپنے لوگوں کو اور تمہارے لوگوں کو بھی۔ پھر ہم مباہلہ کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔

قادیانی جیالو۔۔آئیں اللہ تعالیٰ کی عدالت سے فیصلہ لیتے ہیں؟؟

جناب خالد ایم ڈی صاحب، جناب اکرم خالد صاحب،

جناب خالد واسطی صاحب، جناب ملک منور حسینی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ

اُمید ہے آپ چاروں اصحاب بفضل اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت ہونگے آمین۔ گذشتہ چند سالوں سے خاکسار کے دعویٰ موعودز کی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) اور جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کے دعویٰ مصلح موعود کے علاوہ بعض دیگر اُمور کے سلسلہ میں ہمارے درمیان بہت زیادہ بحث مباحثہ ہو چکا ہے بلکہ آپ میں سے بعض نے خاکسار اور میرے خاندان کے متعلق کافی گند بھی بکا ہے۔ عزیزان گرامی:۔ اب آپ چاروں پر تحریر و تقریر کے ذریعہ قطعی براہین کیساتھ اتمام حجت کرنے کے بعد آج خاکسار اپنے آقا اور سیّد حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اپنی روحانی ماں محمدی مریم حضرت مرزا غلام احمدؑ کی سُنت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے باہمی تنازعات میں الٰہی عدالت سے فیصلہ لینے کیلئے آپ چاروں اصحاب کو مباہلہ کے میدان میں بُلاتا ہے۔ اُمید ہے اِس میں آپ کو بھی کوئی پس وپیش نہیں ہوگا۔

ہم دونوں فریقوں کے ایمان، اعتقادات اور عقائد اِس طرح ہیں

(اولاً) میں عبدالغفار جنبہ مدعی موعودز کی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) دعویٰ اور ایمان رکھتا ہوں کہ جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد کا دعویٰ مصلح موعود قطعی طور پر ایک کذب، جھوٹ، دجل اور ایک فریب تھا کیونکہ مصلح موعود (موعودز کی غلام مسیح الزماں) محمدی مریم حضرت مرزا غلام احمدؑ کے گھر میں بطور جسمانی لڑکا پیدا ہی نہیں ہوا تھا۔ اِس موعودز کی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود اور مثیل مبارک احمد) نے اپنی آخری الہامی بشارت (۶، ۷ رنومبر ۱۹۰۷ء) کے بعد جماعت احمدیہ میں محمدی مریم کے روحانی فرزند کے طور پر پیدا ہونا تھا اور الٰہی انکشاف کے مطابق یہ موعودز کی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) خاکسار عبدالغفار جنبہ ہے۔

☆☆ آپ چاروں ایمان رکھتے ہیں کہ ۲۰ رفروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی مصلح موعود کے مطابق جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی ہی سچے اور برحق مصلح موعود (موعودز کی غلام مسیح الزماں اور مثیل مبارک احمد) تھے اور الہامی پیشگوئی مصلح موعود کے حوالہ سے عبدالغفار جنبہ اپنے دعویٰ موعودز کی غلام مسیح الزماں میں قطعی طور پر جھوٹا اور کاذب ہے۔

(ثانیاً) میں عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) دعویٰ اور ایمان رکھتا ہوں کہ اُمت محمدیہ میں مجددین کی خلافت ہی دراصل خلافت علیٰ منہاج نبوت ہے اور اِسکے پہلے مصداق، مجدد اور خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ تھے۔ اِسی سلسلہ کے تیرھویں خلیفہ مجدد صدی چہاردہم اور مجدد الف آخر امام مہدی و مسیح موعود حضرت مرزا غلام احمدؑ (روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحات ۱۹۳، ۱۹۴) ہیں اور چودھویں خلیفہ ۲۰ رفروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی مصلح موعود کے مصداق اور مجدد صدی پانزدہم موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) ہیں۔

☆☆ آپ چاروں ایمان رکھتے ہیں کہ حضرت امام مہدی و مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد آپکی جماعت میں قادیانی خلافت کا جو سلسلہ شروع ہوا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کے مطابق اِن احمدی خلفاء کی خلافت ہی خلافت علیٰ منہاج نبوت ہے اور خلافت علیٰ منہاج نبوت کے حوالہ سے عبدالغفار جنبہ کا مؤقف قطعی طور پر جھوٹا اور گمراہ کن ہے۔

(ثالثاً) میں عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) حکم وعدل حضرت مرزا غلام احمدؑ کی تعلیم اور فتویٰ کے مطابق حدیث مجددین کو نہ صرف ایک سچی حدیث سمجھتا ہوں بلکہ یہ بھی ایمان رکھتا ہوں کہ اُمت میں بدعتوں اور خرابیوں کی اصلاح اور تجدید کیلئے اِسی حدیث کے مطابق تجدید دین کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری وساری رہے گا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اِس فرمودہ میں تخلف ممکن نہیں ہے۔

☆☆ آپ چاروں ایمان رکھتے ہیں کہ حضرت امام مہدی و مسیح موعودؑ کے بعد حدیث مجددین کے مطابق الہامی اور تجدیدی خلفاء کا سلسلہ بند ہو چکا ہے اور اب ہر صدی کے سر پر قادیانی خلفاء میں سے ہی اللہ تعالیٰ مجددین کو کھڑے کیا کرے گا۔ اور حدیث مجددین کے حوالہ سے عبدالغفار جنبہ کا مؤقف قطعی طور پر جھوٹا اور گمراہ کن ہے۔

(رابعاً) میں عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) دعویٰ اور ایمان رکھتا ہوں کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد اور اُسکے جانشین خدا کے بنائے ہوئے خلیفے نہیں ہیں اور نہ ہی اِنکی قیادت خلافت علیٰ منہاج نبوت ہے بلکہ یہ مکار، فریبی اور موعود بلائے دمشق کے کھڑ پنچ ہیں۔

☆☆ آپ چاروں ایمان رکھتے ہیں کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد اور اُسکے جانشین خدا کے بنائے ہوئے خلیفے ہیں اور اِنکی خلافت ہی خلافت علیٰ منہاج نبوت ہے اور خلافت علیٰ منہاج نبوت کے حوالہ سے عبدالغفار جنبہ کا مؤقف قطعی طور پر جھوٹا اور گمراہ کن ہے۔

(خامساً) میں عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) دعویٰ اور ایمان رکھتا ہوں کہ احمدی قدرت ثانیہ یقیناً محمدی قدرتِ ثانیہ (مجددین) کا ہی ظل ہے۔ جس طرح محمدی قدرت ثانیہ کے مظاہر حدیث مجددین کے مطابق الہامی اور تجدیدی خلیفے تھے۔ اِسی طرح احمدی قدرت ثانیہ کا پہلا مظہر ۲۰ رفروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) ہے۔ مرزا بشیر الدین محمود احمد اور اُسکے جانشین قدرت ثانیہ کے مظاہر ہونے کی بجائے موعود بلائے دمشق کے کھڑ پنچ ہیں۔

☆☆ آپ چاروں ایمان رکھتے ہیں کہ امام مہدی و مسیح موعودؑ کے جانشین قادیانی خلفاء ہی قدرتِ ثانیہ کے مظاہر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کے مطابق الہامی اور تجدیدی خلفائے علیٰ منہاج نبوت ہیں۔ اور قدرت ثانیہ کے حوالہ سے عبدالغفار جنبہ کا مؤقف قطعی طور پر جھوٹا

اور گمراہ کن ہے۔

اے ہمارے ذُوالجلال اور قادر خدا تو ہمارے درمیان حق و باطل میں فیصلہ فرما؟؟؟؟

اے میرے زبردست طاقتوں والے اور زبردست خدائے ذوالجلال:۔تو بہت اچھی طرح جانتا اور سمجھتا ہے کہ ہم دونوں [عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) قائد جماعت احمدیہ اصلاح پسند اور خالد ایم ڈی صاحب، اکرم خالد صاحب، خالد واسطی صاحب اور ملک منور حسینی صاحب] میں سے کونسا فریق اپنے عقائد، دعاوی اور بیانات میں سچا ہے اور کونسا فریق جھوٹا، مکار، فریبی اور دغاباز ہے؟؟ اے اللہ تعالیٰ:۔ہم میں سے جو فریق سچا ہے اور جس کے دعاوی اور عقائد برحق ہیں اُس پر اور اُسکے اہل وعیال پر نہ صرف اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرما بلکہ اُسکی سچائی اور مؤقف کو قبولیت عام بخشنے کیلئے آسمان سے کوئی حیرت انگیز نشان بھی ظاہر فرما۔اے اللہ تعالیٰ:۔ہم میں سے جو فریق جھوٹا، مکار، فریبی اور دغاباز ہے اور اپنے بیانات اور عقائد میں جھوٹا اور گمراہ ہے اُس پر اور اُسکے اہل وعیال پر لعنت فرماتے ہوئے ایک سال کے اندر اندر نہ صرف اُنہیں ملیامیٹ کر دے بلکہ اُنہیں عبرت کا نشان بھی بنا دے۔آمین ثم آمین۔

(۱) رَبِّ فَرِّقْ بَيْنَ صَادِقٍ وَّ كَاذِبٍ اَنْتَ تَرٰى كُلَّ مُصْلِحٍ وَّ صَادِقٍ

اے میرے رَبّ! صادق اور کاذِب میں فرق کر کے دکھلا۔تو جانتا ہے کہ مصلح اور صادق کون ہے

(۲) رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ۔ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحاً وَنَجِّنِي وَمَن مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

اے میرے ربّ! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔پس تو میرے درمیان اور اِنکے درمیان ایک قطعی فیصلہ فرما دے اور مجھے بھی نجات بخش اور اُن کو بھی جو مومنوں میں سے میرے ساتھ ہیں۔

(۳) رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ

اے ہمارے ربّ! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے مطابق فیصلہ فرما دے اور تو فیصلہ کرنیوالوں میں سب سے بہتر ہے۔

آمین ثم آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆

عزیزم محمد ناصر اللہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ

اُمید ہے آپ بفضل اللہ تعالیٰ بخیر وعافیت ہونگے آمین۔خاکسار اپنے اہل وعیال اور اپنی جماعت احمدیہ اصلاح پسند کی مجلس شوریٰ کے جملہ ممبران کو بھی مباہلہ میں شامل کر کے مورخہ ۸ رفروری ۲۰۱۸ء کو رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعہ اپنی مباہلہ کی پیشکش سربراہ جماعت احمدیہ قادیان جناب مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس کی خدمت میں ارسال کر چکا ہے۔خاکسار اپنے اس مباہلہ کا اپنے مورخہ ۱۶/ فروری ۲۰۱۸ء کے خطبہ جمعہ میں بھی ذکر کر چکا ہے بلکہ میرے اس خطبہ جمعہ کا موضوع ہی (حق اور باطل میں فیصلہ کرنے کیلئے جناب مرزا

مسرور احمد صاحب کو مباہلہ کی کھلی پیشکش) تھا۔خاکسار اور میرے اہل وعیال اور میرے ساتھیوں کی طرف سے سائن شدہ مباہلہ کا یہ تحریری ثبوت اس وقت آپ ویب سائٹ (alghulam.com) پر دیکھ سکتے ہیں۔عزیزم محمد ناصر اللہ صاحب:۔چونکہ آپکا خالد ایم ڈی، اکرم خالد، خالد واسطی اور ملک منور حسینی صاحب کیساتھ قریبی تعلق ہے یا رہا ہے۔لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنے اِن چاروں دوستوں یا جاننے والوں کو درج ذیل تین اُمور میں سے کسی ایک اَمر کو تسلیم کرنے کیلئے تیار کریں؟؟؟

(1) مذکورہ چاروں اصحاب بمعہ دوصد ملین (۲۰ کروڑ) احمدیوں کی اب یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنے خلیفہ صاحب کو مجبور کریں کہ وہ میری درخواست کے مطابق مباہلہ کو سائن کر کے مورخہ ۲۸ رفروری ۲۰۱۸ء تک صفحات نمبر ۱۶ اور ۱۷ میری طرف بھیج دیں تا کہ میں اِن سائن شدہ صفحات کو اپنی ویب سائٹ پر آن اَیئر کردوں۔ یہ چاروں اصحاب خود بھی میرے اِس مباہلہ کی تحریر کا صفحہ ۶ سائن (sign) کر کے میری طرف ۲۸ رفروری ۲۰۱۸ء تک بھیج دیں۔ محمودی قرستان کے جیالو آپ کو واضح رہے کہ تمہارا یہ مکار اور فریب کار خلیفہ کبھی بھی مباہلہ کی تحریر پر سائن نہیں کرے گا کیونکہ اِسے اپنے مکر وفریب کا بھی اور اپنے انجام کا بھی بخوبی علم ہے۔

(2) اگر یہ چاروں اصحاب اپنے خلیفہ صاحب سے مباہلہ سائن نہیں کروا سکتے اور نہ ہی یہ خود میرے مباہلہ کی تحریر کو سائن کرنے کیلئے تیار ہیں تو پھر اِن چاروں پر یہ اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی جماعت کو جماعت احمدیہ کی بجائے قبرستانی جماعت اور اپنے خلفاء کو خدا کے بنائے ہوئے خلفاء کی بجائے بلائے دمشق کے کھڑپنچ سمجھتے ہوئے اِس قبرستانی جماعت اور اِن بلائے دمشق کے کھڑپنچوں پر دو حرف بھیج کر خاکسار کی جماعت احمدیہ اصلاح پسند میں شامل ہونے کا اعلان کردیں۔

(3) عزیزم اگر یہ چاروں اصحاب مذکورہ بالا دونوں کام کرنے کیلئے تیار نہ ہوں تو پھر وہ ای میل فورم پر لکھ کر یہ اعلان کردیں کہ وہ کوئی معقول، متقی، مذہبی، با اخلاق اور با اُصول انسان نہیں ہیں بلکہ قبرستانی جماعت کی چار قبروں کا کچرا، گند اور گندے اَنڈے ہیں۔۔۔

کیوں غضب بھڑکا خدا کا مجھ سے پوچھو غافلو! ہو گئے ہیں اس کا موجب میرے جھٹلانے کے دن
غیر کیا جانے کہ غیرت اُس کی کیا دکھلائے گی خود بتائے گا اُنہیں وہ یار بتلانے کے دن
دن چڑھا ہے دُشمنانِ دیں کا ہم پر رات ہے اے مرے سورج دکھا اِس دیں کے چمکانے کے دن
اِک بڑی مدت سے دیں کو کفر تھا کھاتا رہا اب یقیں سمجھو کہ آئے کفر کو کھانے کے دن
وہ گھڑی آتی ہے جب عیسیٰ پکاریں گے مجھے اب تو تھوڑے رہ گئے دجّال کہلانے کے دن

(4) جناب خالد ایم ڈی صاحب ۱۸ رفروری ۲۰۱۸ء کی اپنی ای میل میں خاکسار سے پوچھتے ہیں:۔

"If you are honest with you Mobahila challenge:-1.Will you spell tangible measures of your success.2.Will you tell specifically what will happen to us.3. Will you tell tangible successes you will have in next year. Talk to your God. After consultation with your God, let people know specific answers to these three questions, so that you may not run away from your statements."

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں سورۃ المجادلہ کی آیات ۲۱، ۲۲ میں فرماتا ہے:۔ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ☆ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ (المجادلہ۔۲۱، ۲۲) یقیناً جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کرتے ہیں یہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔ اللہ نے لکھ رکھا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آئیں گے۔ یقیناً اللہ بہت طاقتور (اور) غالب ہے۔

خاکسار کی طرف سے خالد ایم ڈی صاحب کو جواباً گذارش ہے کہ الٰہی مُرسلوں کا یہ کام نہیں ہوا کرتا کہ وہ الٰہی حکمتوں اور منصوبوں میں دخل اندازی کرتے پھریں یا اپنے پاس سے اور اندازے سے کچھ کہتے پھریں لیکن اللہ تعالیٰ نے سورۃ المجادلہ میں اپنے مُرسلوں کیساتھ جو وعدہ فرمایا ہے خاکسار اُسکے مطابق آپ سے ضرور کہتا ہے کہ بلا شک وشبہ تم اور تمہاری قادیانی جماعت اور تمہارے سربراہ کو اللہ تعالیٰ اب ضرور ذلیل ورُسوا کرکے اِنہیں اِنکے مکروں اور منصوبوں میں ناکام ونامُراد کرنیوالا ہے اور خاکسار اور میرے ساتھیوں اور میری مظلوم جماعت احمدیہ اصلاح پسند کو اِنشاءاللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں اور برکتوں سے وافر حصہ بخشتے ہوئے ہمیں کامیابی اور کامرانی سے نوازنے والا ہے۔

ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (الجمعہ۔۵) یہ اللہ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے دیتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔۔۔ محمودی قبرستان کے چاروں جیالو۔۔۔۔

بہت بڑھ بڑھ کے باتیں کی ہیں تو نے اور چھپایا حق — مگر یہ یاد رکھ اِک دن ندامت آنے والی ہے
خدا رُسوا کرے گا تم کو میں اعزاز پاؤں گا — سنو اے منکرو! اب یہ کرامت آنے والی ہے

خاکسار

مردِ حق کی دُعا موعود یوسف ثانی

عبدالغفار جنبہ/کیل۔ جرمنی

موعود زکی غلام مسیح الزماں (موعود مجدد صدی پانزدہم)

آ رہی ہے اب تو خوشبو میرے یوسف کی مجھے — گو کہو دیوانہ میں کرتا ہوں اُس کا انتظار

مورخہ ۱۸ر فروری ۲۰۱۸ء

☆☆☆☆☆☆☆☆

يَارَبِّ فَاسْمَعْ دُعَائِيْ وَمَزِّقْ اَعْدَآءَكَ وَاَعْدَآئِيْ وَاَنْجِزْ وَعْدَكَ وَانْصُرْ عَبْدَكَ وَاَرِنَا اَيَّامَكَ وَشَهِّرْ لَنَا حُسَامَكَ وَلَا تَذَرْ مِنَ الْكَافِرِيْنَ شَرِيْرًا۔ اے میرے ربّ! تو میری دُعائیں اور اپنے دشمنوں اور میرے دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے اور اپنا وعدہ پورا فرما اور اپنے بندے کی مدد فرما اور ہمیں اپنے دن دکھا اور ہمارے لیے اپنی تلوار سونت لے اور اِنکار کرنیوالوں میں سے کسی شریر کو باقی نہ رکھ۔

جماعت احمدیہ اصلاح پسند اور جماعت احمدیہ قادیان کے قائدین بمعہ اہل وعیال کے دستخط

موعود زکی غلام مسیح الزماں
عبدالغفار جنبہ
مصلح موعود

(1) جماعت احمدیہ اصلاح پسند

(۱) عبدالغفار جنبہ مدعی موعود زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) ۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط بمعہ مہر 23.1.2018

(۲) شگفتہ غفار زوجہ عبدالغفار جنبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط 02.02.18

(۳) بیٹا ذیشان احمد غفار جنبہ ابن عبدالغفار جنبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط

(۴) بیٹا احمد شیر غفار جنبہ ابن عبدالغفار جنبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط 08.2.18

(۵) بیٹا کاشف احمد غفار جنبہ ابن عبدالغفار جنبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط 28.01.18

(2) جماعت احمدیہ قادیان

(۱) جناب خالد ایم ڈی صاحب بمعہ اہل وعیال ۔۔۔ دستخط

(۲) جناب اکرم خالد صاحب بمعہ اہل وعیال ۔۔۔۔۔۔ دستخط

(۳) جناب خالد واسطی صاحب بمعہ اہل وعیال ۔۔۔۔۔۔ دستخط

(۴) جناب ملک منور حنیف صاحب بمعہ اہل وعیال ۔۔۔۔۔۔ دستخط

عصر بیمار کا ہے مرض لادوا ، کوئی چارہ نہیں اب دُعا کے سوا
اے غلام مسیح الزماں ہاتھ اُٹھا، موت آ بھی گئی ہو تو ٹل جائے گی

خاکسار

مردِ حق کی دُعا موعود یوسف ثانی

عبدالغفار جنبہ/کیل۔ جرمنی

موعود زکی غلام مسیح الزماں (موعود مجدد صدی پانزدہم)

آ رہی ہے اب تو خوشبو میرے یوسف کی مجھے گو کہو دیوانہ میں کرتا ہوں اُس کا انتظار

مورخہ ۲۳ر جنوری ۲۰۱۸ء

☆☆☆☆☆☆☆☆